نیوز ریلیز
سفارتخانہ ریاستہائے متحدہ امریکہ۔ اسلام آباد، پاکستان

رابطہ: البرٹو راڈریگیز
ترجمان
فون: ۰۳۰۰۵۰۱۲۶۴۰

۱۳ اگست ۲۰۱۱ء
برائے فوری اجراء
۲۰۱۱/۱۵۲

امریکی وزیر خارجہ ہیلری کلنٹن کا پاکستان کے یوم آزادی کے موقع پر بیان

یہ بات میرے لئے باعث مسرت ہے کہ میں صدر اوبامہ اور ریاست ہائے متحدہ امریکہ کے عوام کی جانب سے پاکستانی قوم کے لئے ۱۴ اگست کو ۶۴ ویں یوم آزادی کے موقع پر نیک خواہشات کا اظہار کر رہی ہوں۔

۱۹۴۷ء کو آزادی کے دن سے آپ نے ایک مضبوط قوم کی تعمیر کے لئے جو کام کیا ہے وہ آپ کی منفرد تہذیب اور تاریخ کا عکاس ہے۔ اب جبکہ آپ اپنی سلامتی، اپنی معیشت اور جمہوری اصولوں کو مضبوط و مستحکم کرنے کے لئے سرگرم عمل ہیں جس سے تمام پاکستانی مستفید ہوں تو کوئی دن ایسا جاتا ہو گا جب آپ نے اپنی منفرد روح اور استقامت کا مظاہرہ نہ کیا ہو۔

جیسا کہ قائداعظم محمد علی جناح نے کہا ہے کہ "اگر ہم اس عظیم مملکت پاکستان کو خوش اور خوشحال دیکھنا چاہتے ہیں تو ہمیں مکمل طور پر لوگوں کی فلاح و بہبود پر توجہ مرکوز کرنا ہو گی۔" اس پر مسرت موقع پر امریکہ پاکستان کے قیام کی سالگرہ کی خوشی میں آپ کے ساتھ شریک ہے اور ہم اپنی دونوں اقوام کے عظیم تر امن اور خوش حالی کے فروغ کے لئے پاکستان کے عوام کے ساتھ مل کر کام کرنے کے عہد کی تجدید کرتے ہیں۔

آپ چاہیں یہ خصوصی دن اپنے خاندان یا اپنے دوست واحباب کے ساتھ منائیں یہ یاد رکھیں کہ ریاست ہائے متحدہ امریکہ بحیثیت ایک ساتھ نبھانے والے اشتراک کار اور دوست آپ کے شانہ بشانہ کھڑا ہے۔

###